7

# میری پتنگ

4510CH07

کتنی پیاری پتنگ ہے میری
دیکھ کر عقل دنگ ہے میری

کیسے خوش رنگ، رنگ ہیں اس کے
رنگ کیا شوخ و شنگ ہیں اس کے

آسمانوں میں جا کے اڑتی ہے
ڈولتی ہے، ادا سے مڑتی ہے

ڈور بھی کاٹ دار ہے اس کی
مثل تلوار دھار ہے اس کی


اوپر اُٹھتی ہے، نیچے آتی ہے
دائیں اور بائیں گھوم جاتی ہے

جب کبھی میں اسے اڑاتا ہوں
تو خلاؤں میں خود کو پاتا ہوں

مجھ کو اِک دن بلند ہونا ہے
ہر کسی کی پسند ہونا ہے

تیز کرتی اُمنگ ہے میری
کتنی پیاری پتنگ ہے میری

(محبوب راہی)



© NCERT not to be republished

# مشق

## لفظ اور معنی:

| | | |
|---|---|---|
| خوش رنگ | : | اچھے رنگ والا |
| شوخ وشنگ | : | تیز، بھڑکیلا |
| کاٹ دار | : | دھار دار |
| مثل | : | طرح، جیسا |
| خلا | : | زمین سے اوپر کا وہ حصّہ جہاں زمین کی کشش ختم ہو جاتی ہے، Space |
| امنگ | : | جوش، ولولہ |

## غور کیجیے:

- اڑتی ہوئی پتنگ دیکھ کر بچّے کے دل میں بھی بلندی تک پہنچنے اور کامیاب ہونے کی امنگ پیدا ہوتی ہے۔ وہ بھی پتنگ کی طرح اونچائیوں پر پہنچنا چاہتا ہے۔
- 'شوخ وشنگ'، میں 'وَ' سے دو لفظوں کو جوڑا گیا ہے۔ یہاں 'وَ'، 'اور' کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ اس طرح کے لفظوں میں 'وَ' کو پہلے لفظ کے آخری حرف کے ساتھ ملا کر پڑھتے ہیں۔

## سوچیے، بتائیے اور لکھیے:

1۔ پتنگ دیکھ کر بچے کی عقل کیوں دنگ ہے؟

2۔ پتنگ کی ڈور کیسی ہے؟

3۔ پتنگ بچّے میں کون سی امنگ پیدا کرتی ہے؟

© NCERT not to be republished

4۔ پتنگ اڑاتے ہوئے بچّہ خود کو کہاں پاتا ہے؟

5۔ اس نظم میں بیان کی گئی پتنگ کی چند خوبیاں لکھیے:

### نظم کے مطابق مصرعوں کے جوڑ ملائیے:

| | |
|---|---|
| کتنی پیاری پتنگ ہے میری | تو خلاؤں میں خود کو پاتا ہوں |
| ڈور بھی کاٹ دار ہے اس کی | ہر کسی کی پسند ہونا ہے |
| کیسے خوش رنگ، رنگ ہیں اس کے | دیکھ کر عقل دنگ ہے میری |
| جب کبھی میں اسے اڑاتا ہوں | رنگ کیا شوخ و شنگ ہیں اس کے |
| مجھ کو اِک دن بلند ہونا ہے | مثل تلوار دھار ہے اس کی |

### ان لفظوں کے مُتضاد لکھیے:

| بلند | آسمان | دائیں | اوپر | خوش رنگ | تیز | دن | اُٹھنا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ............ | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |

’خوش رنگ‘ دو لفظوں ’خوش‘ اور ’رنگ‘ سے مل کر بنا ہے۔ اس کے معنی ہیں ’اچھے رنگ والا/ والی‘


آپ بھی ’خوش‘ لگا کر چھے الفاظ لکھیے: جیسے: خوش + مزاج = خوش مزاج

- ............................................
- ............................................
- ............................................
- ............................................
- ............................................
- ............................................

© NCERT not to be republished

## پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے :

نیچے دی ہوئی تصویروں کو غور سے دیکھیے :



- شخص : پنڈت جواہر لعل نہرو
- جگہ : لال قلعہ
- چیز : جھنڈا

**کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اِسم کہتے ہیں۔**

اِسم کی دو قسمیں ہیں۔
- اسمِ خاص (معرفہ)
- اسمِ عام (نکرہ)

- اسمِ خاص (معرفہ)



مہاتما گاندھی



ہندوستان



تاج محل

**کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسمِ خاص کہتے ہیں۔ اسے اسم معرفہ بھی کہتے ہیں۔ جیسے مہاتما گاندھی، ہندوستان اور تاج محل وغیرہ۔**

© NCERT not to be republished

◆ اِسمِ عام (نکرہ)



لڑکی



پہاڑ




کتاب

کسی عام شخص، جگہ یا چیز کو 'اسمِ عام' کہتے ہیں۔ اسے 'اسمِ نکرہ' بھی کہتے ہیں۔ جیسے: لڑکی، پہاڑ اور کتاب وغیرہ۔

◆ نیچے دی ہوئی پتنگوں پر کچھ نام لکھے ہیں۔ ان پتنگوں میں ڈور نہیں بندھی ہے۔ ان میں ڈور باندھ کر صحیح بچّے کے ہاتھ میں دیجیے:




not to be republished © NCERT

'کاٹ دار' تیز دھار والے کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ یہ دو لفظوں 'کاٹ' اور 'دار' سے مل کر بنا ہے۔ نیچے دیے ہوئے لفظوں کے بعد 'دار' لگا کر لفظ بنائیے اور خالی جگہوں میں ان کے معنی لکھیے۔

| لفظ | + | دار | معنی | لفظ | + | دار | معنی | لفظ | + | دار | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شان | + | ……… | = …………… | ایمان | + | ……… | = …………… | جان | + | ……… | = …………… |
| ہوا | + | ……… | = …………… | دنیا | + | ……… | = …………… | سمجھ | + | ……… | = …………… |
| مال | + | ……… | = …………… | مزے | + | ……… | = …………… | | | | |

بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے:

خوش رنگ　　مثل　　خلا　　اُمنگ　　شوخ وشنگ

…………　…………　…………　…………　…………

…………　…………　…………　…………　…………

…………　…………　…………　…………　…………

…………　…………　…………　…………　…………

…………　…………　…………　…………　…………



© NCERT not to be republished

## پتنگ پر پانچ جملے لکھیے:

- ..........................................................................................
- ..........................................................................................
- ..........................................................................................
- ..........................................................................................
- ..........................................................................................

## عملی کام:

- نیچے بنے ہوئے خانوں میں پتنگیں بنائیے اور رنگ بھریے۔

© NCERT not to be republished



2019-20